F. 6-4 (Edit) /2014 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 03/06/2016

قومی اردو کونسل کو اردو زبان کی ترویج و ترقی کے لیے عوامی تعاون درکار ہے : پروفیسر ارتضیٰ کریم

قومی اردو کونسل میں تخلیقی ادب پینل میٹنگ کا انعقاد

قومی اردو کونسل کے صدر دفتر فروغ اردو بھون، جسولہ نئی دہلی میں تخلیقی ادب پینل کی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ کی صدارت معروف فکشن نگار سید محمد اشرف نے کی۔ میٹنگ میں تخلیقی ادب کی اشاعت سے متعلق اہم نکات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

تخلیقی ادب پینل کے سبھی ممبران کا استقبال کرتے ہوئے کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے گزشتہ میٹنگ اور اس کی روداد پر تفصیلی روشنی ڈالی اور کہا کہ قومی اردو کونسل کو اردو زبان کی ترویج و ترقی کے لیے عوامی تعاون درکار ہے۔

میٹنگ میں سید محمد اشرف نے اردو کے فروغ کے لیے تخلیقی ادب کی اشاعت پر زور دینے کی بات کہی۔ انھوں نے کہا کہ ایسی کتابوں کی اشاعت کی ضرورت ہے جو عام اردو قارئین کے لیے مفید ثابت ہوں۔ اس موقع پر شائستہ یوسف نے اپنے تجربے کو ممبران کے سامنے پیش کرتے ہوئے بتایا کہ قومی اردو کونسل کے ذریعے بنگلور میں 'اردو کارنر' پروگرام کے تحت 10 چنندہ اسکولوں میں بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دلچسپ پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ پینل کے ممبران نے اردو کارنر پروگرام کو دہلی میں کچھ اسکولوں جیسے متھرا روڈ پر واقع ڈی پی ایس اسکول، ذاکر حسین پبلک اسکول، سردار پٹیل، اے پی جے اسکول روہنی میں کرانے کی تجویز پیش کی۔ جناب سلام بن رزاق اور جناب اسرار گاندھی نے مصنف سے ملاقات پروگرام کے انعقاد کا مشورہ دیا جس میں افسانہ نگار اور شاعر اپنی تخلیقات پیش کریں گے۔ پروفیسر گنگا پرساد ول نے اس موقع پر سارک ممالک کی بہترین کہانیوں کے اردو ترجمے کی تجویز پر زور دیا۔

قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر نے کہا کہ کونسل اپنے رسالے 'اردو دنیا' میں بھی تخلیقی ادب کے لیے کچھ صفحات مختص کرے گی۔

میٹنگ میں جناب رتن سنگھ، پروفیسر طارق چھتاری، سلام بن رزاق، پروفیسر حسین الحق، پروفیسر گنگا پرشاد ول، محترمہ شائستہ یوسف، جناب محسن خان، اسرار گاندھی، پروفیسر بیگ احساس، پروفیسر انور ظہیر انصاری، ڈاکٹر راشد انور راشد کے علاوہ کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال (اسسٹنٹ ڈائرکٹر، اکیڈمک)، ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر جناب فیروز عالم، محترمہ آبگینہ عارف اور ڈاکٹر شاہد اختر نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)